
ننھا ہاتھی

مصنفین: پیٹریسیا کے ملر اور ایران ایل سیلگ مین



تصویر کشی: مامورو فنائی




ننھا ہاتھی

مصنفین: پیٹریسیا کے ملر اور ایران ایل سیلگ مین
تصویر کشی: مامورو فنائی


ترجمہ: ابو ابو زوہان







یہ ایلن ہے۔
وہ ہاتھی کا ایک بچہ ہے۔
وہ کافی عرصے تک بچہ ہی رہے گی۔
اس کا قد تین فٹ ہے۔
اس کا وزن 200 پاؤنڈ ہے۔۔



ایلن اور اس کی ماں ایک جھنڈ کے ساتھ رہتے ہیں۔
سب سے طاقتور ہاتھی ہی ان کا سردار ہوتا ہے۔


ایلن کی آنکھیں چھوٹی ہیں۔
وہ اچھی طرح دیکھ نہیں سکتی۔





اس کے کان بڑے ہیں۔
وہ اچھی طرح سن نہیں سکتی۔

ایلن کی ناک لمبی ہے۔
اسے سونڈ کہا جاتا ہے۔
وہ اپنی سونڈ کئی طریقوں سے استعمال کرتی ہے۔
جب ایلن اپنی سونڈ ہوا میں بلند کرتی ہے، تو وہ دور
دراز کی چیزوں کو سونگھ سکتی ہے۔







وہ کھانا اٹھاتی ہے۔

وہ درخت اکھاڑتی ہے۔

وہ پتے توڑتی ہے۔

وہ یہ سب کام اپنی سونڈ سے کرتی ہے۔



اس کے پاؤں بڑے ہیں۔
وہ بھاگ نہیں سکتی۔ وہ چھلانگ نہیں لگا سکتی۔
لیکن وہ بہت تیز چل سکتی ہے۔



وہ اپنی سونڈ میں پانی بھرتی ہے۔
وہ کچھ پانی پی لیتی ہے۔





وہ اسی پانی کے کچھ حصے سے نہاتی ہے۔



ایلن کو کھیلنا پسند ہے۔

وہ پہاڑی سے نیچے پھسلتی ہے۔

وہ پانی میں کھیلتی ہے۔

وہ اپنی ماں سے چھپتی ہے۔







ایک دن ایلن اپنی ماں سے چھپ رہی تھی۔
وہ ایک گہرے گڑھے میں گر گئی۔
اس نے اپنی سونڈ اٹھائی اور زور سے آواز
نکالی۔



ماں گڑھے کے پاس آئی۔
جب اس نے ایلن کو دیکھا، تو
اس نے اپنی سونڈ اٹھائی اور زور
سے آواز نکالی۔
دوسرے ہاتھی بھی آگئے۔





ہاتھیوں نے گڑھے میں مٹی (ریت) ڈالنا شروع کر دی۔

وہ مٹی ڈالتے گئے اور ڈالتے گئے۔




آخر کار گڑھا اتنا گہرا نہ رہا۔

ایلن گڑھے سے باہر نکل آئی۔



اب ایلن دوسرے ہاتھیوں کے قریب ہی
رہتی ہے۔
وہ اب بھی کھیلتی ہے، لیکن ... وہ اپنی ماں
سے نہیں چھپتی۔






ختم شد